## لیبر ڈیپارٹمنٹ کے جاب سنٹرز

### Admiralty Job Centre
9/F, High Block, Queensway Government Offices, 66 Queensway, Hong Kong (Exit C1, Admiralty MTR Station)
**2591 1318**

### North Point Job Centre
12/F, North Point Government Offices, 333 Java Road, North Point, Hong Kong (Exit C, Quarry Bay MTR Station)
**2114 6868**

### Kowloon East Job Centre
1/F, Trade and Industry Tower, 3 Concorde Road, Kowloon (Exit C, Kai Tak MTR Station, opposite to Mikiki Shopping Mall)
**2338 9787**

### Kowloon West Job Centre
9/F, Cheung Sha Wan Government Offices, 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon (Exit C1, Shamshuipo MTR Station)
**2150 6397**

### Kwun Tong Job Centre
10/F, Kowloon East Government Offices, 12 Lei Yue Mun Road, Kwun Tong, Kowloon (Exit D4, Kwun Tong MTR Station)
**2342 0486**

### Shatin Job Centre
2/F, Shatin Government Offices, 1 Sheung Wo Che Road, Shatin, New Territories (Exit B, Shatin MTR Station)
**2158 5553**

### Sheung Shui Job Centre
Units 2001-2006, Level 20, Landmark North, 39 Lung Sum Avenue, Sheung Shui, New Territories (Exit A4, Sheung Shui MTR Station)
**3692 4532**

### Tsuen Wan Job Centre
2/F, Tsuen Wan Government Offices, 38 Sai Lau Kok Road, Tsuen Wan, New Territories (Exit A, Tsuen Wan MTR Station)
**2417 6197**

### Tuen Mun Job Centre
G/F, Victory Building, 3 Tsing Min Path, Tuen Mun, New Territories (Near Light Rail Prime View Station)
**2463 9967**

### Tung Chung Job Centre
Unit 211A, 2/F, Yat Tung Shopping Centre, Yat Tung Estate, Tung Chung, Lantau Island, New Territories (Near Yat Tung Estate Bus Terminus)
**3428 2943**

### Yuen Long Job Centre
Unit 401, 4/F, Tin Ching Amenity and Community Building, Tin Ching Estate, Tin Shui Wai, New Territories (Near Light Rail Tin Yuet Station)
**3692 5750**

## لیبر ڈیپارٹمنٹ کے بھرتی مراکز

### Recruitment Centre for the Catering Industry
2/F, Treasury Building, 3 Tonkin Street West, Cheung Sha Wan, Kowloon (Exit A, MTR Nam Cheong Station)
Job Seeker Hotline: 3847 7600
Employer Hotline: 3847 7606

### Recruitment Centre for the Retail Industry
2/F, Treasury Building, 3 Tonkin Street West, Cheung Sha Wan, Kowloon (Exit A, MTR Nam Cheong Station)
Job Seeker Hotline: 3847 7611
Employer Hotline: 3847 7616

### Construction Industry Recruitment Centre
Units 3507-3512, 35/F, Tower 1, Millennium City 1, 388 Kwun Tong Road, Kwun Tong, Kowloon (Exit A, Ngau Tau Kok MTR Station)
Job Seeker Hotline: 3428 3303
Employer Hotline: 3428 3303

انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ

https://www.jobs.gov.hk

04/2024





# محکمۂ محنت

# ملازمت کے حصول میں فراہم کردہ خدمات کا آسان طریقہ استعمال









勞工處
Labour Department

(Urdu version)

## محکمہ محنت کے ملازمت کے مراکز

محکمہ محنت کےملازمت کے مراکزملازمت کے متلاشی لوگوں کے لئے کام کی تلاش اور مالکوں کے لئے عملے کی بھرتی میں مدد فراہم کرنے کے لئے مفت اوراستعمال میں آسان روزگار سےمتعلق خدمات مہیا کرتے ہیں.مختلف قسم کی آسامیوں مثلاً مینیجروں، سپروائزروں، کلرکوں،اکاؤنٹینٹ اسسٹینٹ، ڈیلیوری ورکروں، سیلز اسسٹنٹس، گھریلو نوکرانیوں اور ہنرمندوں وغیرہ کی بھرتی کے حوالے سے مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ طریقے سے کام کرتے ہیں، اور ملازمت کے متلاشی مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنے پاس رجسٹر کرتے ہیں.

جاب سنٹرز، ملازمت کے متلاشیوں کے لئے ملازمت کی تلاش آسان بنانے کے لئے کئی اقسام کی سہولتیں بھی فراہم کرتے ہیں. ملازمت کے متلاشی، انٹرایکٹوایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ کے مختلف افعال کے استعمال کے لئے انٹرنیٹ کی سہولت سے آراستہ کمپیوٹر بھی استعمال کر سکتے ہیں. جہاں وہ اپنے کوائف نامہ(v c) بنانے کے لئے مخصوص سافٹ ویئر سے آراستہ کمپیوٹرز بھی استعمال کر سکتے ہیں اور جاب سنٹرز میں نصب فیکس مشین کے استعمال سے اپنے (v c) اور درخواستیں مالکوں کو بھجوا سکتے ہیں.

ملازمت کے حوالے سے اپنے تقاضوں پر بات چیت کرنے کے لئے ایمپلائمنٹ ایڈوائزری سروس کے ذریعہ وہ جاب سنٹرز پر ملازمت کے ماہر افسران سے ملاقات بھی کر سکتے ہیں تاکہ وہ لیبر مارکیٹ اور تربیت/ازسرنو تربیت کے کورسز، اور/یا پیشہ وارانہ جائزہ، جو بھی موزوں ہو، کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں.

ملازمت کے متلاشیوں، بشمول ان لوگوں کے جو مختلف نسلی اقلیتوں یا ہانگ کانگ میں نئے ہیں، ان کو ملازمت کے حوالے سے تفصیلی معلومات کے حصول کے لئے جاب سنٹرز میں موجود ریسورس کارنر (معلوماتی مرکز) پر خوش آمدید کہا جاتا ہے.

ملازمت کے حوالے سے مذکورہ بالا خدمات کے علاوہ، اقلیتی نسلی پس منظر کے حامل لوگوں یا نئے آنے والوں کے لئے، ان کے انفرادی تقاضوں کے عین مطابق ترتیب دی گئی ملازمت کی ایک باقاعدہ سروس بھی موجود ہے.

## آسامیوں کی تشہیر کا طریقہ کار

مالکوں کی جانب سےفراہم کردہ آسامیوں کو مختلف چینلوں ،ا خبار اور انٹرنیٹ کے ذریعہ بڑے پیمانے پر مشتہر کیا جاتا ہے تاکہ ملازمت کے متلاشی لوگوں کے لئے ان کی تلاش اور ملازمت کی درخواست بھجوانا آسان ہو.

- جاب کارڈز، جاب سنٹرز پر نمایاں جگہ پر رکھے جاتے ہیں.
- جاب سنٹرز پرملازمت تلاش کرنے کے لیے "جاب ایزی" ٹچ اسکرین ویکنسی سرچنگ ٹرمینلز نصب کئے گئے ہیں. "جاب ایزی" استعمال کرتے ہوئے اسکرین پر چند مرتبہ چھونے سے آسامی (ویکنسی) کے متعلق تازہ ترین معلومات حاصل کی جا سکتی ہے. ان ٹرمینلز میں پرنٹنگ کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے.
- انٹرایکٹیوایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ_(https://www.jobs.gov.hk)‘
- بڑے پیمانے کی جاب کی نمائشیں اور ضلع میں مقیم جاب کی نمائشیں ایمپلائمنٹ انفارمیشن اینڈ پروموشن پروگرام کے تحت نمائشوں اور بھرتی کی سرگرمیوں کا باقاعدگی سے انعقاد ہوتا ہے.
- اخباری اشتہارات.

## ملازمت کے متلاشیوں کی رجسٹریشن کا طریقہ کار

- ملازمت کےمتلاشی،انٹرایکٹیوایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ (https://www.jobs.gov.hk) پرآن لائین طریقےسےیا"ایزی رجسٹریشن سروس" استعمال کرکے کسی بھی جاب سنٹر پر ذاتی طور پر بھی رجسٹر ہو سکتے ہیں. پہلی مرتبہ رجسٹر ہونے والوں کو رجسٹریشن فارم بھرنے کے لئے صرف چند منٹ لگیں گے جس کے بعد اگلے ہی کام کے دن پر وہ ٹیلی فون ایمپلائمنٹ سروس استعمال کر سکتے ہیں. اس انتظام کی وجہ سے حوالہ جات کے حصول کے لئے انہیں جاب سنٹرز میں قطاروں میں لگنے کی زحمت نہیں اٹھانی پڑے گی.

## اپنی مدد آپ کے تحت ملازمت کی خدمات

- ملازمت کے متلاشی کسی بھی جاب سنٹر میں جا کر اپنے لئے موزوں آسامی کا انتخاب کر سکتے ہیں. اس کے بعد وہ وہاں پر موجودعملہ سے حوالہ کی خدمت حاصل کر سکتے ہیں،
- جہاں مالکوں نے اپنے ساتھ رابطےکے نمبرز دے رکھے ہوں، وہاں ملازمت کےمتلاشی افراد ان سے براہ راست رابطہ کر کےملازمت کی درخواست دے سکتے ہیں،
- بعض ایمپلائمنٹ ایجنسیاں اپنے صارف مالکوں کی جانب سےملازمتیں فراہم کرتی ہیں. ایسی آسامیوں کے لئےدرخواست دینے والےملازمت کےمتلاشی لوگوں کو کسی طرح کی فیس ادا کرنےکی ضرورت نہیں ہے.

## انٹرایکٹیو ایمپلائمنٹ سروس

- انٹرایکٹیوایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائیٹ (https://www.jobs.gov.hk) کے ذریعہ، ملازمت کے متلاشی افراد آن لائن طریقے سے رجسٹر ہو سکتے ہیں. آسامیوں کے متعلق تازہ ترین معلومات دیکھ سکتے ہیں اور اپنی اہلیت کے مطابق آسامیاں تلاش کر سکتے ہیں.
- ملازمت کے متلاشی رجسٹرڈ شدہ افراد کا پروفائل، بشمول ان کی تعلیمی قابلیت، کام کا تجربہ، کام کی مہارتیں، ملازمین سے متعلق ان کی ترجیحات اور ان کی متوقع تنخواہوں کے بارے میں معلومات انٹرنیٹ پر فراہم کر دی جائیں گی. ان کی پوشیدگی کے تحفظ کے لئے ان کی ذاتی معلومات مثلاً ان کے نام، آئ ڈی کارڈ نمبر، پتہ اور ٹیلی فون نمبر ظاہرنہیں کیے جائیں گے.
- اپنی آسامیاں پر کرنے کے لئے، موزوں امیدوار کے انتخاب کی خاطر ،مالک ایک خاص طور پر ترتیب دیا گیا سرچ انجن استعمال کر سکتے ہیں. جس کی مدد سے مالکوں کی جانب سے امیدواروں کی حتمی فہرست موصول ہونے پر، جاب سنٹرز منتخب شدہ امیدواروں کا مالکوں سے رابطہ کروانے کا بندو بست کریں گے.
- ملازمت کے متلاشی افراد کسی بھی جگہ سے کسی بھی وقت اپنے لئے موزوں ملازمت کی تلاش کے لئے اپنی موبائل فون پر انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس موبائل ایپلیکیشن (آئ آوایس اور اینڈرائیڈ ورژن، دونوں میں دستیاب) ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں

## بذریعہ ٹیلیفون ملازمت کی خدمت کے مراکز

- پرائیویٹ سیکٹر میں ملازمت کے لئے درخواست دینے کے متمنی رجسٹر ڈ شدہ ملازمت کے متلاشی افراد اپنے لئے پہلے موزوں ملازمت کی نشاندھی کر سکتے ہیں اور اس کے بعد حوالہ کی سروس کے لئے ٹیلی فون ایمپلائمنٹ سروس کی ہاٹ لائن: 2969 0888پر کال کر سکتے ہیں.
- ٹیلی فون ایمپلائمنٹ سروس سنٹر کے روزگار افسران ملازمت کے متلاشی افراد کے مالکوں کے ساتھ براہ راست بات کرنےمیں بھی مدد فراہم کر سکتے ہیں اور اس کے علا وہ کانفرنس کالز کے ذریعہ انٹرویوز کا اہتمام بھی کروا سکتے ہیں.

## کیٹرنگ انڈسٹری ،ریٹیل انڈسٹری اور کنسٹرکشن انڈ سٹری کے لئے بھرتی مرا کز

- مراکز کے اندر، ملازمت کے متلاشی افراد کیٹرنگ اور ریٹیل انڈسٹری میں موجود تازہ ترین آسامیوں کے بارے میں چھان بین کر سکتے ہیں کیٹرنگ اور ریٹیل انڈسٹری کے مالکوں کو بھرتی کی سرگرمیوں کا انعقاد کرنے اور ملازمت کے متلاشی افراد کا موقع پر انٹرویوکرنے کے لئے وقتاً فوقتاً دعوت دی جاتی ہے.
- ملازمت کے متلاشی افراد، مراکز کی بھرتی کی سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لئے انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائیٹ (https://www.jobs.gov.hk) کسی بھی وقت دیکھ سکتے .

**ہماری ایمپلائمنٹ سروس کے ذریعے مشتہر کی گئی کسی بھی ملازمت کے لئے درخواست دینے کے حوالے سے اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، ازراہ کرم محکمحہ محنت کے جاب سنٹرز میں موجود ہمارے عملے سے رابطہ کریں.**